Urdu News Bulliten 21-08-2017 at 1940 Hrs

*....صدر جمہوریہ رام ناتھ کوند نے ملک کی سالمیت کا دفاع کرنے پر کی حفاظتی عملے کے جوانوں کی سراہنا//لداخ کے دورے پر سکاوٹس ریجمنٹ کو کیا صدر جمہوریہ کا جھنڈا پیش۔

*....وزیراعلیٰ محبوبہ مفتی نے لیہہ اور کرگل میں 56 کروڑ روپے کی مجموعی لاگت سے کشمیر یونیورسٹی کے دو سیٹلائٹ کیمپسوں کا کیا افتتاح//کیمپسوں مینمارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق کورسز شروع کرانے کی دی ہدایت۔

*....شوپیان پولیس نے دو مقامی نوجوانوں کی پُر اسرار ہلاکت کے سلسلے میں کی قاتلوں کی شناخت//ضلعے میں حفاظتی عملے نے ایک ملی ٹینٹ کو کیا گرفتار۔

اور

*....آئین کی دفعہ35 A اور دفعہ370 کی منسوخی کی صورت میں ریاست کا وجود خطرے میں پڑنے کا نیشنل کانفرنس نے کیا خدشہ ظاہر

President

صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند نے آزادی کے بعد مختلف جنگجوں اور آپریشنوں کے دوران جرات مندانہ بہادری کا مظاہرہ کرنے پر بھارتی جوانوں کی سراہنا کی ہے۔ انہوننے سبھی فورسز اہلکاروں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک کی سا لمیت کاہر محاذ پر دفاع کرنے کےلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں۔ صدر جمہوریہ آج لداخ کے دورے پر ہیں ۔ ملک کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد دلی سے باہریہ اُن کا پہلا دورہ ہے۔ لداخ پہنچنے پر فوج کے جوانوں نے ایک رسمی پریڈ کے ذریعے اُن کا استقبال کیا اور اس موقعے پر ریاستی گورنر این این ووہرا، وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی،نائب وزیراعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ،فوج کے سربراہ جنرل بپن راوت اور سول و فوجی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے۔ رام ناتھ کووند نے لداخ سکاوٹس ریجمنٹ کو صدر جمہوریہ کا پرچم پیش کیا۔ انہوننے لداخ سکاوٹس کے اہلکاروں کی یہ کہہ کر زبردست ستائش کی کہ انہوننے لداخ خطے خاص طور سے سیاچن گلیئشر میں اپنے منصبی فرائض جانفشانی کے ساتھ انجام دینے کا بیڑا اُٹھایا ہے۔

صدر جمہوریہ نے ساتھ ہی مہابھودی بین الاقوامی میڈیٹیشن سینٹر میں ایک بودھ پارک کا افتتاح بھی کیا۔ اس موقعے پر بچوں نے ایک ثقافتی اور تمدنی پروگرام پیش کیا جبکہ لاماؤں نے صدر جمہوریہ کی کامیابی کےلئے دعا کی۔ صدر موصوف نے میڈیٹیشن سینٹر کے اندر دھرم شالہ میں بھی حاضری دی۔

Chief Minister

وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے آج لداخ خطے میں56کروڑ روپے کی مجموعی لاگت سے معقول سہولیات سے لیس کشمیر یونیورسٹی کے 2 سیٹلائٹ کیمپسوں کا افتتاح کیا۔ کرگل میں سیٹلائٹ کیمپس کا افتتاح

کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ 29کروڑ روپے کی لاگت سے تیار اس کیمپس میں ابتدائی طور پر اطلاعاتی ٹیکنالوجی، عربک اور باٹنی شعبوں میں 150طالب علموں کے داخلے کی گنجائش ہوگی۔ اس موقعے پر طالب علموں سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کیمپس کےلئے ایک بس فراہم کرنے کا بھی اعلان کیا۔ انہوںنے ساتھ ہی کیمپس میں فارسی، ایجوکیشن اور ہنر مندی پر مبنی اور کچھ دیگر کورس شروع کرانے کے علاوہ کیمپس میں ایک سولر پاور پلانٹ، ڈیزل جنریٹر V-Sat سیٹ نصب کرنے کی بھی ہدایت دی۔

وزیر اعلیٰ نے لہہ میں 27کروڑ 40لاکھ روپے کی لاگت سے یونیورسٹی کے ایک اور سیٹلائٹ کیمپس کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوںنے کیمپس میں جاب مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق کچھ انڈر گریجویٹ کورس شروع کرانے کے علاوہ ضلع ترقیاتی کمشنر کو ہدایت دی کہ کیمپس کےلئے پانی کی سپلائی کا مستقبل بندوبست کیا جائے۔ اُن کے ہمراہ قانون ساز کونسل کے چیرمین حاجی عنایت علی، ریاستی وزراءسید الطاف بخاری، نعیم اختر ، کرگل اور لہہ کے ہل ڈیولپمنٹ کونسلوں کے عہدیدار، کشمیر یونیورسٹی کے وائس چانسلراور دیگر کئی آفیسر بھی تھے۔

دریں اثناءوزیر اعلیٰ نے ہل ڈیولپمنٹ کونسل لہہ کو مختلف ترقیاتی کاموں کےلئے 10کروڑ روپے کا گرانٹ دینے کا اعلان کیا۔ وہ کونسل کے چیف ایگزیکٹیو کونسلر ڈاکٹر سونم داوا کی قیادت میں کونسلروں کے ایک وفد سے تبادلہ خیال کررہے تھیں۔ محبوبہ مفتی نے کہا کہ یہ رقم علاقے میں سیاحتی سہولیات بڑھانے کے علاوہ سیلاب سے بچاؤ کے **اقدام پر خرچ کی جائیگی۔**

اس موقعے پر خاتون کونسلروں کے ایک وفد نے علاقے میں شراب اور اس طرح کے دیگر مشروبات پر پابندی عائد کرنے اور خواتین کےساتھ چھیڑ چھاڑ اور جرائم کے معاملات کے جلد نپٹارے کا مطالبہ کیا۔ وفد نے ساتھ ہی مقامی کالج کی طالبات کےلئے ہوسٹل کی تعمیر کی بھی مانگ کی۔ اس کے علاوہ بودھ سکالروں، مقامی کنٹریکٹروں اور ملازمین کے کئی وفود نے بھی CM سے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ نے وفود کو یقین دلایا کہ اُن کی طرف سے اُبھارے گئے مطالبات پر غور کیا جائے گا۔

اسی دوران وزیر اعلیٰ نے اُن کوہ پیمانوں کی عزت افزائی کی جنہوںنے گذشتہ سال دنیا کی اُونچی ترین چوٹی مونٹ ایورسٹ کو سر کیاتھا ۔ اس موقعے پر لداخ امور کے وزیر ژھرنگ دورجے بھی موجود تھے۔

بعد میں وزیراعلیٰ نے لیہہ ٹورازم ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی میٹنگ کی صدارت کی جس دوران انہوں نے علاقے میں ماحول دوست سیاحتی اثاثے قائم کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔انہوں نے علاقے میں سیاحتی مقامات پر مختلف سہولیات کی تعمیر جلد سے جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

Shopian

شوپیان پولیس نے ضلعے میں پُر اسرار حالت میں مارے گئے دو مقامی نوجوانوں کے قاتلوں کی شناخت کی ہے۔ زونل پولیس ہیڈ کوارٹرس کی جانب سے جاری کئے گئے ایک پریس رلیز میں کہا گیا ہے کہ ارپورہ ناگہ بل کے رہنے والے گوہر احمد ڈار نامی جس نوجوان کی گولیوں سے چھلنی لاش

برآمد ہو گئی تھی اُس سلسلے میں پولیس نے لشکر طیبہ کے دو ملی ٹینٹوں ہف کے وسیم شاہ اور اُرپورہ کے ناظم ڈار کی شناخت کی ہے جن کی تلاش جاری ہے۔

اسی طرح سے شوپیان پولیس نے ہلال احمد ملک نامی کیبل نیٹ ورک کے مالک کی ہلاکت کے بارے میں بھی ملوث افراد کی شناخت کی ہے ۔اُن کے نام بونہ بازار شوپیان کے زبیر احمد ترے اور ملک گنڈ شوپیان کے عمر نذیر بتائے جا رہے ہیں۔ پولیس نے ان افراد کی بھی تلاش جاری کی ہے۔

اسی دوران شوپیان پولیس ، 62 آر آراور سی آر پی ایف کی18 ویں بٹالین کی ایک ٹیم نے زینہ پورہ شوپیان سے شاہد احمد وانی نامی ایک ملی ٹینٹ کو گرفتار کیا ہے جو کہ کنی گام علاقے کا رہنے والا بتایا جاتا ہے۔ گرفتار کئے گئے ملی ٹینٹ کے قبضے سے چینی ساخت کا ایک پستول،9 راؤنڈ، ایک میگزین اور ایک گاڑی ضبط کی گئی ہے۔ اُدھر اننت ناگ کے اچھہ بل علاقے سے آج شبیر احمد وانی نامی ایک سابق پنچ کی لاش پُر اسرار حالت میں برآمد ہو گئی ہے، جس کی پیشانی پر زخموں کے نشان پائے گئے ہیں۔

NC

اور دفعہ370 سے جموں وکشمیر کی شناخت قائم Aنیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ آئین کی دفعہ35 ہے اور ان کے نہ رہنے سے ریاست کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔ ان باتوں کا اظہار پارٹی صدر اور رُکن پارلیمان ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج اپنی رہائش گاہ پر مختلف اضلاع سے آئے ہوئے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔ ا نہوں نے کہا کہ ریاست کی پہچان، تشخص اور انفرادیت کا دفاع کرنا یہاں کے ہر ایک پشتنی باشندے کا فرض ہے اور اس سلسلے میں ساتھ ہی Aاتحاد و اتفاق سے کام لینے کی بھی ضرورت ہے۔پارٹی صدر نے ریاست کے مختلف حصوں میں 35 سے متعلق چلائی جا رہی جانکاری مہم پر اطمینان کا اظہار کیا۔

کے دفاع کےلئے ایک ریلی نکالی گئی ۔اس Aاُدھر دمہال ہانجی پورہ میں آج دفعہ35 موقعے پر نیشنل کانفرنس کی سینئر لیڈر سکینہ ایتو نے کہا کہ اُن کی جماعت ریاست کی انفرادیت اور پہچان کی دفاع کےلئے کوششیں جاری رکھے گی۔

H M

وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ نے امید جتائی ہے کہ چین کے ساتھ ڈوکلام معاملے پر پیدا شدہ کشیدگی کو کی ایک تقریب پر وزیر داخلہ نے کہا کہ ITBP جلد ختم کیا جائے گا۔ آج نئی دلی میں اُنہیں امید ہے کہ چین اس معاملے کے حل کے تئیں مثبت رویے کا اظہار کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ مخاصمت نہیں بلکہ امن چاہتا ہے۔ راج ناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا کہ بھارت جارحیت پسند ملک نہیں ہے تاہم وہ اپنی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ بھارتی جوان اپنے سرحدوں کا تحفظ کرنے کے لئے پوری طرح سے مستعد ہیں۔

Bukhari

ریاستی وزیر بشارت بخاری نے کہا ہے کہ آبی کھیلوں سے نہ صرف کھلاڑیوں کی ذہنی و جسمانی نشونما ہوجاتی ہے بلکہ ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کی وجہ سے نوجوان نسل میں آبی ذخائر کی اہمیت کے بارے میں جانکاری پھیلانے میں مدد ملتی ہے۔ وزیر آج سرینگر میں ایک نجی سکول کی طرف سے سالانہ ڈل تیراک میلے کو ہری جھنڈی دکھانے کے موقعے پر بول رہے تھے۔ وزیر نے اس طرح کا ایونٹ منعقد کرنے پر سکول انتظامیہ کی سراہنا کی اور کہا کہ غیر نصابی سرگرمیوں کی بدولت نوجوانوں میں موجود صلاحیتوں کو اُبھارنے کے ساتھ ساتھ اُن میں ریاست کے قدرتی وسائل خاص طور سے آبی ذخائر کے بارے میں جانکاری پھیلانے میں مدد ملتی ہے۔

Mir Zahoor

جنگلات و ماحولیات کے وزیر مملکت میر ظہور احمد نے آج بارہمولہ میں سٹیٹ فارسٹ کارپوریشن ، فارسٹ پروٹیکشن فورس اور سوئل کنزرویشن محکموں کے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ان محکموں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوننے ریاست میں جنگلاتی سرمائے کے تحفظ پر زور دیا ۔ انہوننے جنگل اسمگلنگ اور جنگلاتی زمین پر تجاوزات کھڑا کرنے پر مکمل روک لگانے کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ وزیر نے بعد میں بارہمولہ میں ہی ایک ہائی ٹیک نرسری کا بھی معائینہ کیا۔

Asiea Naqash

مکانات و شہری ترقی کی وزیر مملکت آسیہ نقاش نے زمینی سطح پر لوگوں کےلئے بہتر خدمات کی فراہمی میں ٹھوس نتائج حاصل کرنے کےلئے موثر اقدام کرنے پر زور دیا ہے۔ وہ آج آثار شریف درگاہ حضرت بل میں مختلف تعمیراتی ایجنسیوں کی طرف سے عملائے جارہے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہی تھیں۔ انہوننے افسروں سے تلقین کی کہ وہ آثار شریف کو ریاست کی سب سے بڑی مذہبی سیاحتی مقامات میں سے ایک بنانے کےلئے لگن کےساتھ کام کریں۔ انہوننے پروجیکٹ کو آنے والے موسم سرما سے پہلے ہی مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

Committee

محکمہ صحت اور طبی تعلیم نے گورنمنٹ میڈیکل کالجوں،گورنمنٹ ڈینٹل کالجوں اور ایسوسیٹ ہسپتالوں کے HODs **کی پرائیویٹ پریکٹس پر عائد پابندی کے سلسلے میں سرکاری حکمنامے پر من و عن عمل آوری یقینی بنانے کی غرض سے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔**

محکمے کے پرنسپل سیکریٹری ڈاکٹر پون کوتوال کمیٹی کے چیرمین ہوں گے جبکہ ڈائریکٹر ہیلتھ

سروسز ڈاکٹر سلیم الرحمن ،ڈائریکٹر ایڈس کنٹرول سوسائٹی ڈاکٹر مشتاق احمد اور ایڈیشنل سیکریٹری ہیلتھ نصیر احمد کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔

Veeri

مال محکمے کے وزیر عبدالرحمن ویری نے ریاست میں کسٹوڈیشن اثاثوں کے تحفظ پر زور دیا ہے۔وزیر نے ان باتوں کا اظہار آج سرینگر میں مختلف کسٹوڈیشن اثاثوں کے دورے کے دوران کیا۔ اُن کے ہمراہ ایم ایل اے بٹہ مالو نور محمد شیخ، کسٹوڈین جنرل اعجازاحمدبٹ اور دیگر کئی عہدیدار بھی تھے۔ وزیر نے گنڈ ہسی بٹ، پنزی نارہ، برتھنہ اور ٹینگہ پورہ کا دورہ کر کے کسٹوڈیشن اثاثوں کی موجودہ ہیئت کے بارے میں جانکاری طلب کی۔وزیر موصوف نے کہا کہ ان اثاثوں کے بہتر رکھ رکھاؤ **کے علاوہ متعلقین کو چاہیے کہ وہ ایسے اقدام تلاش کریں جن کی وجہ سے یہ اثاثے آمدنی کے وسائیل بھی بن سکے۔**

Nazir Gurezi

اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر نذیر احمد گریزی نے آج گریز علاقے میں مواصلاتی خدمات کو بہتر کرانے کی غرض سے بی ایس این ایل اور ائیر ٹیل کے حکام کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔انہوں نے موبائل کمپنیوں کو گریز اور تُلیل علاقوں میں موبائیل ٹاور نصب کرنے کی ہدایت دی،تاکہ وہاں رہنے والے لوگوں کو فون رابطے کےلئے بہتر نیٹ ورک فراہم ہو سکے۔

Majlis Aza

جموں وکشمیر انجمن شرعی شیعان کی جانب سے کل یعنی 22 اگست کو خامنہ ای رکھ ارتھ میں مجلس حضرت امام محمد تقی ؑ کے یوم شہادت کے موقعے پر ایک مجلس عزا منعقد ہو رہی ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق ریاست میناگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کاامکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت31اعشاریہ 5ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16اعشاریہ7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت34ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت24اعشاریہ6 ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔

ادھر لہہ میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29اعشاریہ3ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16اعشاریہ9ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

ادھر کرگل میں آج دن کا زیاد ہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 عشاریہ 2ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا

کم سے کم درجہ حرارت 13 عشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔